ثانوی و اعلیٰ ثانوی تعلیمی بورڈ، ساہیوال

نمبر 1384-CE.　　　　　　　　　　　　مورخہ 24-10-2018

پریس ریلیز

مطلع کیا جاتا ہے کہ ثانوی و اعلیٰ ثانوی تعلیمی بورڈ، ساہیوال کے زیرِ اہتمام انٹر ضمنی امتحان 2018ء کا انعقاد مورخہ 22-10-2018 بروز سوموار سے ہو چکا ہے۔ شفاف اور بوٹی مافیا سے پاک امتحان کے انعقاد کے لیے ایماندار اور محنتی سٹاف کا تقرر کیا گیا ہے۔ سپروائزری سٹاف کی باقاعدہ تربیتی ورکشاپ کا اہتمام کیا گیا ہے۔ تلبیسِ شخصی کی روک تھام کے لیے غیر معمولی مؤثر اقدامات کیے گئے ہیں اور ہر پرچہ میں امیدواران کے فوٹوگرافز خاص طور پر چیک کیے جائیں گے۔ تلبیسِ شخصی میں ملوث پائے جانے والے امیدواران / جعلی افراد کے خلاف حسبِ ضابطہ کارروائی عمل میں لائی جائے گی اور اُنھیں حوالہء پولیس کیا جائے گا۔ نیز بورڈ اتھارٹیز بھی مسلسل امتحانی مراکز کی انسپکشن کریں گی۔ جملہ امتحانی مراکز کی Manuately نگرانی کی جائے گی اور سپروائزری سٹاف سے مسلسل قریبی رابطہ رکھا جائے گا۔ ہر امتحانی مرکز پر پولیس مامور ہو گی جس کے لیے ضلعی انتظامیہ کو تحریر کر دیا گیا ہے اور بورڈ ضلعی انتظامیہ سے قریبی رابطہ میں ہو گا۔ جملہ امیدواران کو مطلع کیا جاتا ہے کہ وہ پرچہ شروع ہونے سے 30 منٹ پہلے اپنے سنٹر میں حاضر ہوں اور پہلے پرچے والے دِن اپنی ایک عدد تازہ ترین رنگین تصویر ہمراہ لائیں اور سنٹر سپرنٹنڈنٹ کو جمع کروائیں۔

کنٹرولر امتحانات

کاپی برائے اطلاع:

1۔ پی۔ایس برائے چیئرمین۔
2۔ پی۔اے برائے سیکرٹری / پی۔اے برائے کنٹرولر امتحانات / آڈٹ آفیسر۔
3۔ سسٹم اینالسٹ برائے تشہیر ویب سائٹ۔
4۔ RCO برائے تشہیر الیکٹرانک و پرنٹ میڈیا۔